سُورَةُ النَّبَإِ

Surah 78 — An-Naba (The Announcement) · Meccan · 40 Ayahs · Translation: Urdu

---

1

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ عَمَّ يَتَسَآءَلُونَ

(یہ) لوگ کس چیز کی نسبت پوچھتے ہیں؟

2

عَنِ ٱلنَّبَإِ ٱلْعَظِيمِ

(کیا) بڑی خبر کی نسبت؟

3

ٱلَّذِى هُمْ فِيهِ مُخْتَلِفُونَ

جس میں یہ اختلاف کر رہے ہیں

4

كَلَّا سَيَعْلَمُونَ

دیکھو یہ عنقریب جان لیں گے

5

ثُمَّ كَلَّا سَيَعْلَمُونَ

پھر دیکھو یہ عنقریب جان لیں گے

6

أَلَمْ نَجْعَلِ ٱلْأَرْضَ مِهَٰدًۭا

کیا ہم نے زمین کو بچھونا نہیں بنایا

7

وَٱلْجِبَالَ أَوْتَادًۭا

اور پہاڑوں کو (ا س کی میخیں (نہیں ٹھہرایا؟

8

وَخَلَقْنَٰكُمْ أَزْوَٰجًۭا

(بے شک بنایا) اور تم کو جوڑا جوڑابھی پیدا کیا

9

وَجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًۭا

اور نیند کو تمہارے لیے (موجب) آرام بنایا

10

وَجَعَلْنَا ٱلَّيْلَ لِبَاسًۭا

اور رات کو پردہ مقرر کیا

11

وَجَعَلْنَا ٱلنَّهَارَ مَعَاشًۭا

اور دن کو معاش (کا وقت) قرار دیا

12

وَبَنَيْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعًۭا شِدَادًۭا

اور تمہارے اوپر سات مضبوط (آسمان) بنائے

13

وَجَعَلْنَا سِرَاجًۭا وَهَّاجًۭا

اور (آفتاب کا) روشن چراغ بنایا

14

وَأَنزَلْنَا مِنَ ٱلْمُعْصِرَٰتِ مَآءًۭ ثَجَّاجًۭا

اور نچڑتے بادلوں سے موسلا دھار مینہ برسایا

15

لِّنُخْرِجَ بِهِۦ حَبًّۭا وَنَبَاتًۭا

تاکہ اس سے اناج اور سبزہ پیدا کریں

16

وَجَنَّٰتٍ أَلْفَافًا

اور گھنے گھنے باغ

17

إِنَّ يَوْمَ ٱلْفَصْلِ كَانَ مِيقَٰتًا

بےشک فیصلہ کا دن مقرر ہے

18

يَوْمَ يُنفَخُ فِى ٱلصُّورِ فَتَأْتُونَ أَفْوَاجًا

جس دن صور پھونکا جائے گا تو تم لوگ غٹ کے غٹ آ موجود ہو گے

19

وَفُتِحَتِ ٱلسَّمَآءُ فَكَانَتْ أَبْوَٰبًا

اور آسمان کھولا جائے گا تو (اس میں) دروازے ہو جائیں گے

20

وَسُيِّرَتِ ٱلْجِبَالُ فَكَانَتْ سَرَابًا

اور پہاڑ چلائے جائیں گے تو وہ ریت ہو کر رہ جائیں گے

21

إِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا

بےشک دوزخ گھات میں ہے

22

لِّلطَّٰغِينَ مَـَٔابًا

(یعنی) سرکشوں کا وہی ٹھکانہ ہے

23

لَّٰبِثِينَ فِيهَآ أَحْقَابًا

اس میں وہ مدتوں پڑے رہیں گے

24

لَّا يَذُوقُونَ فِيهَا بَرْدًا وَلَا شَرَابًا

وہاں نہ ٹھنڈک کا مزہ چکھیں گے۔ نہ (کچھ) پینا (نصیب ہو گا)

25

إِلَّا حَمِيمًا وَغَسَّاقًا

مگر گرم پانی اور بہتی پیپ

26

جَزَآءً وِفَاقًا

(یہ) بدلہ ہے پورا پورا

27

إِنَّهُمْ كَانُوا لَا يَرْجُونَ حِسَابًا

یہ لوگ حساب (آخرت) کی امید ہی نہیں رکھتے تھے

28

وَكَذَّبُوا بِـَٔايَٰتِنَا كِذَّابًا

اور ہماری آیتوں کو جھوٹ سمجھ کر جھٹلاتے رہتے تھے

29

وَكُلَّ شَىْءٍ أَحْصَيْنَٰهُ كِتَٰبًا

اور ہم نے ہر چیز کو لکھ کر ضبط کر رکھا ہے

30

فَذُوقُوا فَلَن نَّزِيدَكُمْ إِلَّا عَذَابًا

سو (اب) مزہ چکھو۔ ہم تم پر عذاب ہی بڑھاتے جائیں گے

31

إِنَّ لِلْمُتَّقِينَ مَفَازًا

بے شک پرہیز گاروں کے لیے کامیابی ہے

32

حَدَآئِقَ وَأَعْنَٰبًا

(یعنی) باغ اور انگور

33

وَكَوَاعِبَ أَتْرَابًا

اور ہم عمر نوجوان عورتیں

34

وَكَأْسًا دِهَاقًا

اور شراب کے چھلکتے ہوئے گلاس

35

لَّا يَسْمَعُونَ فِيهَا لَغْوًا وَلَا كِذَّٰبًا

وہاں نہ بیہودہ بات سنیں گے نہ جھوٹ (خرافات)

36

جَزَآءً مِّن رَّبِّكَ عَطَآءً حِسَابًا

یہ تمہارے پروردگار کی طرف سے صلہ ہے انعام کثیر

37

رَّبِّ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ٱلرَّحْمَٰنِ ۖ لَا يَمْلِكُونَ مِنْهُ خِطَابًا

وہ جو آسمانوں اور زمین اور جو ان دونوں میں ہے سب کا مالک ہے بڑا مہربان کسی کو اس سے بات کرنے کا یارا نہیں ہوگا

38

يَوْمَ يَقُومُ ٱلرُّوحُ وَٱلْمَلَٰٓئِكَةُ صَفًّا ۖ لَّا يَتَكَلَّمُونَ إِلَّا مَنْ أَذِنَ لَهُ ٱلرَّحْمَٰنُ وَقَالَ صَوَابًا

جس دن روح (الامین) اور فرشتے صف باندھ کر کھڑے ہوں گے تو کوئی بول نہ سکے گا مگر جس کو (خدائے رحمٰن) اجازت بخشے اور اس نے بات بھی درست کہی ہو

39

ذَٰلِكَ ٱلْيَوْمُ ٱلْحَقُّ ۖ فَمَن شَآءَ ٱتَّخَذَ إِلَىٰ رَبِّهِۦ مَـَٔابًا

یہ دن برحق ہے۔ پس جو شخص چاہے اپنے پروردگار کے پاس ٹھکانہ بنا ئے

40

إِنَّآ أَنذَرْنَٰكُمْ عَذَابًۭا قَرِيبًۭا يَوْمَ يَنظُرُ ٱلْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ يَدَاهُ وَيَقُولُ ٱلْكَافِرُ يَٰلَيْتَنِى كُنتُ تُرَٰبًۢا

ہم نے تم کو عذاب سے جو عنقریب آنے والا ہے آگاہ کر دیا ہے جس دن ہر شخص ان (اعمال) کو جو اس نے آگے بھیجے ہوں گے دیکھ لے گا اور کافر کہے گا کہ اے کاش میں مٹی ہوتا

Generated by Dailica — dailica.com